## سوال

میں ریسٹورنٹ میں ملازم ہوں، اورمیرے کام کا دورانیہ رزانہ بارہ گھنٹے ہے، اورخنزیر سے بننے والی اشیاء کے ساتھ مشغول رہنے کی بنا پر سارا دن ہی میری حالت گندی رہتی ہے، اس لیے نمازادا کرنے کی کونسی شروط ہونگی؟ اور کیا غسل کرنے کے بعد میں سارے دن کی نمازیں اکٹھی ادا کرسکتا ہوں؟

## جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کےلیے، اور دورو و سلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعدازاں:

اللہ تعالی کے حکم کے مطابق نجاست دور کر کے نمازپنجگانہ وقت مقررہ میں ادا کرنی فرض ہیں، میرے بھائی آپ کوئی اور ایسی ملازمت تلاش کریں جس سے آپ حلال روزی کما سکیں، کیونکہ خنزیر کا گوشت پکانا اور دوسروں کو پیش کرنا حرام اور ناجائز ہے

اللہ تعالی آپ کواپنے پسندیدہ اور رضامندی کے کام کرنے کی توفیق نصیب فرمائے، اور ہمارے اور اللہ تعالی کو ناراض اور غضب دلانے والے اسباب سے دوری ڈال دے

واللہ اعلم.

اسلام سوال وجواب

1395